اُردو (لازمی)

pakcity.org

Ist - A - Exam 2024

گروپ فرسٹ

Inter ( Part - I )

پرچہ : I (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 20

Session (2022 - 24) & (2023 - 25)

11th Class Urdu Objective Paper Group 1 Bahawalpur Board 2024

نوٹ : ہرسوال کے چار جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی ابیل شیٹ پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) اگر شکست کھائی ہے تو عبرت حاصل کرو : (A) معرکۂ خیبر سے (B) معرکہ بدر سے (C) معرکہ احد سے (D) معرکہ خندق سے

(2) پشاور سے آنے والے حملہ آور کہلاتے تھے : (A) اہلِ علم (B) اہلِ زبان (C) اہلِ خانہ (D) اہلِ سیف

(3) قمر صاحب کے نزدیک ہر شخص کو بھوک ہوتی ہے : (A) شہرت کی (B) عہدے اور طاقت کی (C) اعزاز و احترام کی (D) روپے اور محل کی

(4) سرسید احمد خاں خطوں کا جواب دینے میں تھے : (A) سخی (B) فراخ دل (C) کشادہ دل (D) فیاض

(5) یوسفی کی شیو کی پیالی برآمد ہوئی : (A) غسل خانے سے (B) الماری سے (C) باورچی خانے سے (D) ڈربے سے

(6) (میں ہوں سقراط، مجھے زہر پلایا جائے) میں استعمال ہوئی ہے : (A) تضاد (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) تلمیح

(7) علمِ بیان سے تعلق ہے : (A) مطلع کا (B) تشبیہ کا (C) قافیہ کا (D) ردیف کا

(8) تشبیہ ہے : (A) دودھ پلائی (B) دودھ دوہنا (C) دودھ جیسا رنگ (D) دودھ پہنچانا

(9) مشبہ اور مشبہ بہ کو ملاتا ہے : (A) حرفِ تشبیہ (B) حرفِ غلط (C) ادھار صنعت (D) مستعارلہٗ

(10) (پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے ، اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے) اس شعر میں قافیہ ہے : (A) آتے آتے (B) کہاں ، یہاں (C) سے وہ (D) رہی تو

(11) مقطع کے لئے ضروری ہے : (A) تخلص (B) آخری شعر (C) تخلص + پہلا شعر (D) تخلص + آخری شعر

(12) " کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے" اس میں شیر ہے : (A) مستعارلہٗ (B) مستعارمنہٗ (C) وجہ جامع (D) وجہ تشبیہ

(13) مطلع ہے : (A) اسم ظرفِ زماں (B) اسم معرفہ (C) اسم ظرفِ مکاں (D) اسم ضمیر

(14) ____ چائے لاؤ : (A) تازہ (B) تازی (C) تازے (D) تازیں

(15) ردیف کے لغوی معنی ہیں : (A) ادھار لینا (B) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا (C) ہم آواز الفاظ (D) اشارہ کرنا

(16) غیر مردّف غزل میں قافیہ آتا ہے : (A) صرف پہلے شعر میں (B) شعر کے شروع میں (C) مطلع ثانی میں (D) ہر شعر کے آخر میں

(17) ساہیوال سے تار ____ ہے : (A) آئی (B) آئیں (C) آیا (D) آئے

(18) علی ____ تلوار قیمتی ہے : (A) کا (B) کے (C) کیں (D) کی

(19) وہ لڑکی تو بہت ____ ہے : (A) لڑاکی (B) لڑاکا (C) لڑاکو (D) لڑاکن

(20) گھوڑا گاڑی بک ____ : (A) گیا (B) گئے (C) گئی (D) گو

---------☆☆---------


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: | 1523 - 35000 | سیشن (2023-25) & (2022-24) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2024 | (گروپ فرسٹ) |
| وقت 2:40 گھنٹے | Inter ( Part - I ) | کل نمبر: 80 |

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجیے۔☆

حصہ اول

11th Class Urdu Subjective Paper Group 1 Bahawalpur Board 2024

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) یہ پرچم ہے نشاں ، عالم میں فتح و کامرانی کا زمیں پر ابر رحمت ہے ، نویدِ آسمانی کا

یہ پرچم ہے روایاتِ عظیم الشّان کا پرچم یہی پرچم ہے استقلالِ پاکستان کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں الٰہی ترکِ اُلفت پر ، وہ کیوں کر یاد آتے ہیں

نہ چھیڑ اے ہم نشیں ! کیفیتِ صہبا کے افسانے شرابِ بے خودی کے ، مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں

نہیں آتی تو یاد اُن کی ، مہینوں تک نہیں آتی مگر جب یاد آتے ہیں ، تو اکثر یاد آتے ہیں

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) عزم واستقلال ، شجاعت ، صبر ، شکر ، توکل ، رضا ، تقدیر ، مصیبتوں کی برداشت ، قربانی ، قناعت ، استغنا ، ایثار ، جُود ، تواضع ، خاکساری ، مسکنت ، نشیب وفراز ، بلندوپست ، تمام اخلاقی پہلوؤں کے لئے جو مختلف انسانوں کو مختلف حالتوں میں یا ہر انسان کو مختلف صورتوں میں پیش آتے ہیں ، ہمیں عملی ہدایت اور مثال کی ضرورت ہے جو صرف پیغمبر اسلام (ﷺ) کی سوانح میں مل سکتی ہیں۔

(ب) لاہور تک پہنچنے کے کئی راستے ہیں لیکن دو ان میں سے بہت مشہور ہیں، ایک پشاور سے آتا ہے، دوسرا دہلی سے۔وسطی ایشیا کے حملہ آور پشاور کے راستے اور یوپی کے حملہ آور دہلی کے راستے وارد ہوتے ہیں۔اوّل الذکر اہلِ سیف کہلاتے ہیں اور غزنوی یا غوری تخلص کرتے ہیں۔مؤخر الذکر اہلِ زبان کہلاتے ہیں۔یہ بھی تخلص کرتے ہیں اور اس میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ابوالقاسم زہراوی (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

سوال نمبر5 علامہ محمد اقبال کی نظم " پیغام " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 ڈینگی کی علامات، وجوہات اور تدارک کے بارے میں استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے ۔ (10)

یا

کالج میں منعقد ہونے والے " مشاعرہ " کی روداد لکھیے۔

سوال نمبر7 ڈپٹی کمشنر کے نام خواتین کے حقِ ڈرائیونگ کی آگاہی کے لیے واک کا اہتمام کرنے کی درخواست لکھیے ۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 2 + 8

غصے پر قابو پانے اور بدلہ لینے کی طاقت رکھتے ہوئے دوسروں کی غلطیوں سے درگزر کرنا ہی تحمل اور بردباری ہے۔بعض اوقات انسان دوسروں کی غلطیوں پر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔حالانکہ وہ خود بھی ان ہی غلطیوں کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ایسی حالت میں چاہیے کہ وہ غور وفکر سے کام لے اور تحمل و بردباری کو کام میں لائے تو اس کے حق میں بہتر ہے۔دنیا میں آئے دن جو قتل وغارت ، فتنہ وفساد ہوتے رہتے ہیں سب کا سبب زیادہ تر یہی ہے کہ انسان نہایت معمولی بات پر انتقامی کارروائی کر بیٹھتا ہے۔جس پر بعد میں اسے پریشانی بلکہ پشیمانی بھی ہوتی ہے۔اس طرح محض بردباری کو چھوڑ دینے کے باعث انتقام در انتقام کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

pakcity.org

---------☆☆☆☆☆---------


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| Ist - A - Exam 2024 | گروپ سیکنڈ | پرچہ : I (معروضی طرز) |
|---|---|---|
| Inter ( Part - I ) | | وقت : 20 منٹ |
| Session (2022 - 24) & (2023 - 25) | | کل نمبر : 20 |

11th Class Urdu Objective Paper Group 2 Bahawalpur Board 2024

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) سرسید کھانے کے بعد پیتے تھے :
(A) چائے (B) کافی (C) دودھ (D) لسی

(2) نظام سقے کے مسودات سے ثابت ہوا ہے کہ پانی پہنچانے کے لیے ضروری ہیں :
(A) فوارے (B) مشکیزے (C) نہریں (D) نل

(3) غالبؔ نے میرٹھ کا سفر کیا :
(A) ریل میں (B) ڈاک میں (C) بس میں (D) پیدل

(4) " مقامع الاسنان " آلہ ہے :
(A) دانت نکالنے کا (B) انیما کا (C) پیشاب خارج کرنے کا (D) مثانے سے پتھری نکالنے کا

(5) مشتاق احمد یوسفی کے بقول ہمارے ہاں لائق قیافہ شناس جی رہے ہیں : پستہ و بادام پر
(A) دال روٹی پر (B) بکرے کی بوٹی پر (C) چکن بریانی پر (D) پستہ و بادام پر

(6) اگر شاعر کا تخلص پہلے شعر میں ہو ، جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں ، تو کہلائے گا :
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

(7) پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے ، اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے ۔۔۔ قافیہ ہے :
(A) یہاں ، کہاں (B) آتے آتے (C) اجل (D) پھرے راہ سے

(8) ردیف کتنے الفاظ پر مشتمل ہوتی ہے :
(A) ایک (B) تین (C) پانچ (D) تعداد مقرر نہیں

(9) ہو بہو آنے والے الفاظ کہلاتے ہیں :
(A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(10) " میری نُور تو کہاں ہے ؟ " وجہ جامع کی نشان دہی کیجیے۔
(A) نُور (B) بیوی (C) خوبصورتی (D) کہاں

(11) استعارہ کس علم کا رکن ہے :
(A) علم بیان (B) علم بدیع (C) علم عروض (D) علم صرف

(12) غزل میں پایا جانا لازم ہے :
(A) مقطع (B) مطلع (C) ردیف (D) قافیہ

(13) ارکانِ تشبیہ کی تعداد ہے :
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

(14) گیہوں صحن میں پھیلا ۔۔۔ :
(A) دی ہے (B) دیا ہے (C) دیے ہیں (D) دی ہیں

(15) آیتِ قرآنی یا حدیث مبارکہ کی طرف مختصر اشارہ کرنے کو کہتے ہیں :
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

(16) طرفین تشبیہ سے مراد ہے :
(A) ادات تشبیہ (B) حرف تشبیہ (C) ارکان تشبیہ (D) مشبہ اور مشبہ بہ

(17) نوجوان کی گردن پر میل ۔۔۔ :
(A) جمی ہوئی ہے (B) لگی ہوئی ہے (C) نظر آئی (D) جما ہوا ہے

(18) میز کمرے میں ۔۔۔ :
(A) رکھا ہے (B) پڑا ہے (C) پڑے ہیں (D) پڑی ہے

(19) ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ۔۔۔ :
(A) لگایا (B) لگائی (C) لگائیں (D) رکھی

(20) شاعر کو بادشاہ نے خلعت عطا ۔۔۔ :
(A) کر دیے ہے (B) کر دی ہیں (C) کر دیا ہے (D) کر دی ہے

pakcity.org

---------☆☆----------


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| سیشن (2022 - 24) & (2023 - 25) | 1524 - 35000 | رول نمبر : |
| (گروپ سیکنڈ) | Ist - A - Exam 2024 | اُردو لازمی (انشائیہ) |
| کل نمبر : 80 | Inter ( Part - I ) | وقت 2:40 گھنٹے |

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجیے۔☆

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) ڈھائی جائے گی بِنا ، یورپ کے استعمار کی ایشیا ، آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دَیر میں وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

منئے انساں سے تعارف جو ہوا ، تو بولا میں ہوں سقراط ، مجھے زہر پلایا جائے

موت سے کس کو مفر ہے ، مگر انسانوں کو پہلے جینے کا سلیقہ ، تو سکھایا جائے

حکم ہے سچ بھی قرینے سے کہا جائے ، ندیم زخم کو زخم نہیں ، پھول بتایا جائے

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) وہ افعال جن کا تعلق دل و دماغ سے ہے اور جن کی تعبیر ہم اعمالِ قلب یا جذبات اور احساسات سے کرتے ہیں۔ ہر آن ہم ایک نئے قلبی عمل ، جذبے یا احساس سے متاثر ہوتے ہیں۔ ہم کبھی راضی ہیں کبھی ناراض، کبھی خوش ہیں کبھی غم زدہ ، کبھی مصائب سے دوچار ہیں اور کبھی نعمتوں سے مالا مال، کبھی ناکام ہوتے ہیں اور کبھی کامیاب، ان سب حالتوں میں ہم مختلف جذبات کے ماتحت ہوتے ہیں۔ اخلاق فاضلہ کا تمام تر انحصار انہی جذبات اور احساسات کے اعتدال اور با قاعدگی پر ہے، ان سب کے لیے ہم کو ایک عملی سیرت کی حاجت ہے۔

(ب) ایک دن موسلا دھار بارش ہو رہی تھی، تھکا ماندہ بارش میں شرابور گھر پہنچا تو دیکھا کہ تین مُرغے میرے پلنگ پر ہیں۔ سفید چادر پر جا بجا پنجوں کے تازہ نشان تھے۔ البتہ میری قبل از وقت واپسی کے سبب جہاں جہاں جگہ خالی رہ گئی وہاں سفید دھبے نہایت بدنما معلوم ہو رہے تھے۔ میں نے ذرا درشتی سے سوال کیا " آخر یہ گلہ پھاڑ پھاڑ کر کیوں چیخ رہے ہیں؟ "

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ادیب کی عزت (ب) دوستی کا پھل

سوال نمبر5 دلاور فگار کی نظم " لوکل بس " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 وقت کی پابندی کے بارے میں استاد اور شاگرد کے مابین مکالمہ لکھیں۔ (10)

یا

کالج میں " سائنسی میلے " کی روداد تحریر کریں۔

سوال نمبر7 ایک پرانے ٹی۔وی سیٹ کے فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 2 + 8

نظامِ کائنات پر غور کریں تو ہر چیز میں ایک ترتیب ، آہنگ ، سلیقہ اور پابندی موجود ہے ۔ سورج وقت پر طلوع و غروب ہوتا ہے۔ موسم وقت پر آتے اور بدلتے ہیں۔ درخت وقت پر پھل لاتے ہیں۔ فصلیں وقت پر اُگتی اور کٹتی ہیں۔ مرغانِ سحر کے چہچہے وقت کے پابند ہیں۔ چاند وقت پر نکلتا ہے اور کرنیں بکھیرتا ہے لیکن افسوس کہ غافل انسان وقت کی قدر نہیں کرتا۔ وہ ایسی لمبی تان کر سوتا ہے کہ اُسے مرغانِ سحر کے چہچہے جگا سکتے ہیں اور نہ مؤذن کی مقدس پکار۔ اسے یہ معلوم نہیں کہ زندگی نظم، با قاعدگی ، سلیقے اور ترتیب کا نام ہے۔ جو انسان بے کار رہتا ہے اُسے تفکرات گھیرے رکھتے ہیں۔ بے کاری اور بے قاعدگی منشائے فطرت کے خلاف ہے۔

pakcity.org
Please visit for more Data at: www.pakcity.org



-----------☆☆☆☆☆-----------

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Bahawalpur Board-2023

A | L.K.No.1003 | Paper Code No.6021 | اُردو (لازمی)

Ist - A - Exam 2023 | گروپ فرسٹ | پرچہ : I (معروضی طرز)

Inter ( Part - I ) | وقت : 20 منٹ

pakcity.org

Session (2020 - 22) to (2022 - 24) | کل نمبر : 20

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) میرے قلم ----- نب خراب ہے : (A) کی (B) کا (C) کے (D) کو

(2) مجھ پر کیچڑ ------ : (A) اچھالا گیا (B) اچھالے گئے (C) اچھالی گئی (D) اچھالی گئیں

(3) ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ------ : (A) لگایا (B) لگائی (C) لگائے (D) لگائیں

(4) ہم نے تاش ------- : (A) کھیلا (B) کھیلی (C) کھیلے (D) کھیلو

(5) یہ اُردو ------- بہترین لغت ہے : (A) کی (B) کے (C) کا (D) کو

(6) قافیے کے بعد بار بار آنے والے مستقل حروف کہلاتے ہیں : (A) ردیف (B) مطلع (C) استعارہ (D) قافیہ

(7) اصطلاح میں " مطلع " غزل کا شعر ہوتا ہے : (A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

(8) " مقطع " کا لغوی معنی ہے : (A) نکلنے کا مقام (B) آغاز (C) کاٹنے کی جگہ (D) تیغی

(9) " قافیہ " کے الفاظ ہوتے ہیں : (A) ہم معنی (B) بے معنی (C) مستقل (D) ہم وزن

(10) " مطلع " کے دونوں مصرعوں کا ہونا ضروری ہے : (A) موزوں (B) برابر (C) ہم قافیہ (D) ہم ردیف

(11) " تشبیہ " کس زبان کا لفظ ہے : (A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) براہوی

(12) مشبہ اور مشبہ بہ میں پائی جانے والی مشترکہ صفت کہلاتی ہے : (A) غرض تشبیہ (B) وجہ تشبیہ (C) تشبیہ (D) تلمیح

(13) " استعارہ " کے لغوی معنی ہیں : (A) خریدنا (B) بیچنا (C) ادھار لینا (D) ادھار دینا

(14) " گنج قاروں " کیا ہے : (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

(15) مستعارلہٗ اور مستعارمنہ کو کیا کہتے ہیں : (A) طرفین تشبیہ (B) طرفین استعارہ (C) مجاز (D) علم بیان

(16) سرسید خطوں کا جواب دینے میں نہایت ------ : (A) فیاض تھے (B) چالاک تھے (C) کنجوس تھے (D) کمزور تھے

(17) " تصریف " کا لاطینی ترجمہ سب سے پہلے کہاں سے شائع ہوا : (A) لاہور سے (B) بغداد سے (C) دہلی سے (D) وینس سے

(18) افسانہ " اوورکوٹ " کا مصنف ہے : (A) غلام عباس (B) پریم چند (C) ممتاز مفتی (D) احمد ندیم

(19) مرزا غالب میرٹھ گئے : (A) کار پر (B) بس پر (C) ڈاک میں بیٹھ کر (D) پیدل

(20) تانگوں میں گھوڑے استعمال کیے جاتے ہیں : (A) ولایتی (B) بناسپتی (C) عربی (D) لاہوری

-----------☆☆-----------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2023

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1003 - 42000 | سیشن ( 22 - 2020 ) تا ( 24 - 2022 ) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2023 | (گروپ فرسٹ) |
| وقت 2:40 گھنٹے | Inter ( Part - I ) | کل نمبر : 80 |

pakcity.org

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجئے۔☆

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (10)=1+1+8

(الف) تجھے آبا سے اپنے ، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی — کہ تُو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت ، وہ سیّارا

گنوا دی ہم نے ، جو اسلاف سے میراث پائی تھی — ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (10)=1+(3x3)

آفاق کی منزل سے گیا ، کون سلامت — اسباب لُٹا راہ میں ، یاں ہر سفری کا

ہر زخمِ جگر داورِ محشر سے ہمارا — انصاف طلب ہے ، تری بیدادگری کا

لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام — آفاق کی اس کارگہِ شیشہ گری کا

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) اے میرے عزیز ہم وطنو ! اگر یہ رائے صحیح ہے تو اس کا نتیجہ ہے کہ قوم کی سچی ہمدردی اور سچی خیر خواہی کرو ۔ غور کرو کہ تمہاری قوم کی شخصی زندگی اور شخصی چال چلن کس طرح پُر عمدہ ہو تا کہ تم بھی ایک معزز قوم ہو ، کیا جو طریقہ تعلیم وتربیت کا ، بات چیت کا ، وضع ولباس کا ، سیر سپاٹے کا ، شغل اشغال کا ، تمہاری اولاد کے لئے ہے اس سے ان کی شخصی چال چلن ، اخلاق وعادات ، نیکی وسچائی میں ترقی ہو سکتی ہے ؟ حاشا وکلا۔

(ب) وہ زندگی میں ایک عرصے سے چھالیٹن کے ایک گھیر کھار والے پاجامے کو ترستی ہی رہی ہو مگر اس سے کیا ہوتا ہے؟ ..... غریبوں کو امیروں کی برابری کرنے کا بس ایک ہی موقع ملتا ہے۔ دُنیا میں اور وہ مرنے کے بعد صرف کفن لینے کے بارے میں۔ آہا ! اصل بات تو یہ ہے کہ غریب پیدا ہی اس لئے ہوتے ہیں کہ مرنے کے بعد امیروں کی برابری کر لیں ..... تو اچھن کی ماں کیلئے کفن چاہیے تھا اور اس کے لئے اچھن کا باپ انتہائی فکرمند تھا۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 9

(الف) لاہور کا جغرافیہ (ب) ابوالقاسم زہراوی

سوال نمبر5 نظیر اکبرآبادی کی نظم " تسلیم ورضا " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

سوال نمبر6 ٹریفک قوانین کی پابندی مہذب اقوام کا شیوہ ہے۔ اس موضوع پر ٹریفک وارڈن اور کار سوار کے درمیان ہونے والی گفتگو کو مکالمے کے انداز میں تحریر کیجئے۔ (10)

یا

کالج میں پہلے دن کی رُوداد قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر7 موٹر سائیکل فروخت کرنے کی رسید تحریر کیجئے ۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ (10) = 2 + 8

لفظ " حقیقت " مختلف ادوار میں مختلف مفاہیم کا حامل رہا ہے۔ یونانیوں کے نزدیک گردوپیش کے واقعات اور اشیاء حقیقت پر مبنی نہیں کیوں کہ ان کے مطابق حقیقت کا تعلق اشیاء سے نہیں بلکہ ان کے تعین اور تفہیم سے ہوتا ہے۔ افلاطون کا خیال تھا کہ عالم وجود کی کوئی حقیقت نہیں ہے اور وہ محض عالم خیال کا عکس ہے۔ اس کے نزدیک حقیقت کیلئے اٹل ہونا اور مستقل رہنا لازم ہے۔ لہٰذا وہ حقیقت کے بارے میں یہی تصور پیش کرتا ہے کہ حقیقت کسی وجود میں نہیں ہوتی بلکہ اشیاء کے خیال اور ان کے جوہر میں ہوتی ہے کیونکہ وہ وجود اٹل اور مستقل نہیں ہوتے جب کہ خیال اور نظریہ مستقل ہوتے ہیں۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Bahawalpur Board-2023

A L.K.No.1004 Paper Code No.6022

اُردو (لازمی)

Ist - A - Exam 2023 گروپ سیکنڈ

پرچہ : I (معروضی طرز)

Inter ( Part - I )

وقت : 20 منٹ

pakcity.org Session (2020 - 22) to (2022 - 24)

کل نمبر : 20

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) افسانہ " اوورکوٹ " کس نے لکھا :
(A) پطرس بخاری (B) پریم چند (C) احمد ندیم قاسمی (D) غلام عباس

(2) غالب ، حکیم پٹیالے والے کے بھائی کی حویلی میں کب سے رہتا تھا :
(A) 1849ء (B) 1850ء (C) 1851ء (D) 1852ء

(3) علامہ اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) کی مثنویوں پر ریویو کس نے لکھا :
(A) ڈاکٹر عبدالرحمٰن نے (B) ڈاکٹر عبداللہ نے (C) گورداس پوروالے حکیم نے (D) حمید عسکری نے

(4) " سفارش " کس کتاب سے ماخوذ ہے :
(A) آخری تحفہ (B) کپاس کا پھول (C) سب افسانے میرے (D) جاڑے کی چاندنی

(5) ابن انشاء نے " کیا واقعی دُنیا گول ہے " میں کس داستان کا ذکر کیا ہے :
(A) حیات جاوید (B) داستان غریب حمزہ (C) باغ و بہار (D) داستان امیر حمزہ

(6) ارکان تشبیہ کی تعداد کتنی ہے :
(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 7

(7) یہ حالت قامت خمیدہ ---- جیسے شجر خزاں رسیدہ اس شعر میں لفظ " جیسے " ہے :
(A) غرض تشبیہ (B) مشبہ (C) مشبہ بہ (D) ادات تشبیہ

(8) استعارہ میں لفظ کن معنوں میں استعمال ہوتا ہے :
(A) مجازی (B) حقیقی (C) لغوی (D) اصطلاحی

(9) " پلکوں پر مچل رہے ہیں انجم " اس مصرعے میں مستعار لہٗ ہے :
(A) انجم (B) آنسو (C) پلکوں (D) چمک دمک

(10) " تلمیح " کس زبان کا لفظ ہے :
(A) اُردو (B) فارسی (C) ترکی (D) عربی

(11) " مطلع " کے دونوں مصرعوں کا ہم قافیہ ہونا :
(A) غیرضروری ہے (B) ضروری ہے (C) غلط ہے (D) ممکن نہیں

(12) " مقطع " غزل اور قصیدے کا کونسا شعر ہوتا ہے :
(A) پہلا (B) تیسرا (C) آخری (D) دوسرا

(13) " قافیہ " آتا ہے :
(A) ردیف کے بعد (B) شعر کے شروع میں (C) شعر کے درمیان میں (D) ردیف سے پہلے

(14) " ردیف " ہمیشہ آتی ہے :
(A) قافیے کے بعد (B) قافیہ سے پہلے (C) قافیہ کے دونوں جانب (D) صرف مطلع میں

(15) دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا ---- وہ تیری یاد تھی اب یاد آیا یہ شعر غزل کا ہے :
(A) مقطع (B) حسن مطلع (C) مطلع ثانی (D) مطلع

(16) اس کے دل میں اُمنگ ------ :
(A) اُٹھا (B) اُٹھیں (C) اُٹھے (D) اُٹھی

(17) اس ---- تقصیر معاف کیجیے :
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

(18) اُگالدان کہاں ---- ہے ؟ :
(A) رکھا (B) رکھے (C) رکھی (D) رکھیں

(19) دُنیا ---- حرف گیریوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے :
(A) کی (B) کے (C) کا (D) کو

(20) یہ خندق بہت ---- ہے :
(A) پرانا (B) پرانے (C) پرانی (D) کوئی بھی نہیں

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2023

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1004 - 35000 | سیشن ( 22 - 2020 ) تا ( 24 - 2022 ) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2023 | ( گروپ سیکنڈ ) |
| وقت 2:40 گھنٹے | Inter ( Part - I ) | کل نمبر : 80 |

pakcity.org

﴾ ہدایات ﴿ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجئے۔☆

حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (10)=1+1+8

(الف) ہلال خنجر قومی عطیہ ہے شہیدوں کا — جو خود قربان ہو کر ، بھر گئے دامن نویدوں کا

حسین (رضی اللہ عنہ) ابن علی (رضی اللہ عنہ) کے اُسوہ مردانہ کا پرچم — برائے شمع ملت ، سوزشِ پروانہ کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (10)=1+(3x3)

ٹھانی تھی دل میں ، اب نہ ملیں گے کسی سے ہم — پر کیا کریں کہ ہوگئے ناچار جی سے ہم

ہنستے جو دیکھتے ہیں ، کسی کو کسی سے ہم — منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں ، کس بے کسی سے ہم

ہم سے نہ بولو تم ، اسے کیا کہتے ہیں بھلا — انصاف کیجئے پوچھتے ہیں ، آپ ہی سے ہم

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) یہ ایک نیچر کا قاعدہ ہے کہ جیسا مجموعہ قوم کی چال چلن کا ہوتا ہے یقینی اُسی کے موافق اس کے قانون اور اسی کے مناسب حال گورنمنٹ ہوتی ہے۔ جس طرح کہ پانی خود اپنی پنسال میں آجاتا ہے ، اسی طرح عمدہ رعایا پر عمدہ حکومت ہوتی ہے اور جاہل و خراب و ناتربیت یافتہ رعایا پر ویسی ہی اکھڑ حکومت کرنی پڑتی ہے۔

(ب) رشک آتا ہے کہ دُنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں کہ کبھی قید مقام سے نہیں گزرتے۔ گوجرانوالہ تک گئے بھی تو دوسرے روز گھر لوٹ آئے۔ ہم سے پوچھیئے جو مزا اور تھرل ململ کا کرتہ پہن ، قوام والا پان کلّے میں دبا ، ٹانگ پر ٹانگ دھرے گھر بیٹھ " داستانِ امیر حمزہ " پڑھنے اور لمبی تان کر سونے میں ہے وہ جگہ جگہ مارے مارے پھرنے میں کہاں۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (10) = 1 + 9

(الف) سفارش (ب) دوستی کا پھل

سوال نمبر5 علامہ اقبال (رحمتہ اللہ علیہ) کی نظم " خطاب بہ جوانان اسلام " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

سوال نمبر6 الیکشن کے اُمیدوار اور ووٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ (10)

یا

ایک پکنک پارٹی کی رُوداد قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر7 بھینس فروخت کی رسید تحریر کیجئے ۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ (10) = 2 + 8

ایک انسان کی زندگی کا مقصد دیگر انسانوں کی مدد ہونا چاہئے۔ ایک اچھا مسلمان حقوق اللہ کی بجا آوری کے ساتھ حقوق العباد کو بھی نہیں بھولتا۔ نماز ، روزہ ، حج ، زکوٰۃ تو بطور مسلمان ہم پر فرض ہیں مگر انسانوں پر انسانوں کے جو حقوق ہیں وہ بھی کسی صورت معاف نہیں کیے جاسکتے۔ یعنی ایک اچھا مسلمان حقوق اللہ کی بجا آوری کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کو کبھی بھی فراموش نہیں کرسکتا۔ وہی لوگ لائق تعظیم اور لائق تحسین ہوتے ہیں جو انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا مشن بنا لیتے ہیں۔ انہی لوگوں کی بدولت دُنیا خوب صورت بن سکتی ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

(Inter-A-2022)

Inter ( Part - I )

Session (2020 - 22) to (2021 - 23)

Bahawalpur Board-2022

pakcity.org

پرچہ : I (معروضی طرز) (گروپ فرسٹ)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 20

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C , D دیئے گئے ہیں ۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں ۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا ۔

سوال نمبر 1

(1) غالب کو کشتی نوح میں رہنے کا اتفاق ہوا : (A) دو مہینے (B) ایک ماہ (C) پانچ مہینے (D) تین مہینے

(2) قمر صاحب کیلئے جھونپڑا ہی ہے : (A) نعمت (B) جنت (C) محل (D) بنگلہ

(3) اگر شکست کھائی ہے تو عبرت حاصل کرو :
(A) جنگ اُحد سے (B) معرکہ اُحد سے (C) غزوہ اُحد سے (D) ان میں سے کوئی نہیں

(4) کوونڈا کی تلاش میں نکل گیا تھا : (A) منیر شامی (B) میڈیکل ڈاکٹر (C) حاتم طائی (D) ابنِ انشاء

(5) " آتش نمرود " ہے : (A) تشبیہ (B) قافیہ (C) تلمیح (D) وجہ جامع

(6) مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں : (A) وجہ تشبیہ (B) طرفین تشبیہ (C) مشترک صفت (D) وجہ جامع

(7) بوٹی چکھ کر بکری کے چارے کا مفصل حال بتا سکتے ہیں :
(A) قیافہ شناس (B) نجومی (C) دست شناس (D) افسانے کا ہیرو

(8) ایک ناوک نے اس کی مژگاں کے------ طائرسدرہ تک شکار کیا ، میں تلمیح ہے :
(A) طائرسدرہ (B) ناوک (C) مژگاں (D) شکار

(9) " مطلع " قواعد کی رُو سے ہے : (A) ضمیر (B) اسم (C) ظرف مکاں (D) ظرف زماں

(10) وجہ جامع اہم رُکن ہے : (A) تشبیہ کا (B) تلمیح کا (C) کنایہ کا (D) استعارہ کا

(11) استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے : (A) 4 (B) 2 (C) 3 (D) 5

(12) اگر غزل میں ردیف نہ ہو تو وہ کہلائے گی : (A) غیر مردف (B) اینٹی غزل (C) مروف (D) نظم

(13) غزل کے لئے ضروری ہے : (A) ردیف (B) مطلع (C) قافیہ (D) مقطع

(14) گل کو ہوتا صبا ! قرار اے کاش رہتی اِک آدھ دن ، بہار اے کاش میں " قافیہ " کیا ہے :
(A) گل ، صبا (B) اے کاش (C) قرار ، بہار (D) رہتی ، دن

(15) آخری شعر سے پہلے شعر میں تخلص استعمال ہو تو وہ شعر کہلائے گا :
(A) مقطع (B) مطلع (C) حسنِ مطلع (D) عام شعر

(16) میں نے بائیکل ------ ہے : (A) خریدا (B) خریدے (C) خریدی (D) خرید

(17) شاہدہ بہت ----- ہے : (A) لڑاکن (B) لڑاکا (C) لڑاکی (D) لڑاکو

(18) " مکتوبات اقبال " چھپ --------- : (A) گیا (B) گئے (C) گئی (D) ان میں سے کوئی نہیں

(19) یہ میرے بیٹے ------ فوٹو ہے : (A) کا (B) کی (C) کو (D) کیں

(20) ہم نے میچ کا ٹکٹ ------ : (A) خریدا (B) خریدی (C) خریدے (D) خریدیں

----------☆☆----------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

| Inter ( Part - I ) | Inter-A-2022 | اُردو لازمی (انشائیہ) |
|---|---|---|
| کل نمبر : 80 | سیشن (2020 - 22) to (2021 - 23) | وقت 2 : 40 گھنٹے |

pakcity.org

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجیے۔☆

Bahawalpur Board-2022

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) اشکوں سے ترے ، دِین کی کھیتی ہوئی سیراب فاقوں نے ترے ، دہر کو بخشا سروساماں

انسان کو شائستہ و خوددار بنایا تہذیب و تمدن ، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حالِ دِل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دِل سے جدا نہیں ہوتا

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) راست بازی اور وہ تمام اوصاف جو ایک راست باز آدمی میں ہونے ضروری ہیں ، جیسے صدقِ مؤدت ، حمیت ، دلیری اور آزادی وغیرہ اس شخص کی خصوصیات میں سے تھے۔اس شخص نے اگر سچ پوچھیے تو اپنی آزادانہ تحریروں سے اُردو لٹریچر میں آزادی اور سچائی کی بنیاد ڈالی۔اس نے لوگوں کو مجبور کیا کہ سچ بات کہنے میں کسی کی طعن وملامت سے نہ ڈریں۔جو بات اس کو حق معلوم ہوئی ، اس کے کہنے میں کبھی اس بات کا خیال نہیں کیا کہ دُنیا میں کوئی دوسرا شخص بھی اس بات میں اس کے ساتھ اتفاق کرنے والا ہے یا نہیں۔

(ب) اب تم کو کیسے سمجھاؤں۔ہر شخص کے دل میں عزت واحترام کی بھوک ہوتی ہے۔تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟اس لئے کہ یہ ہماری روح کے ارتقاء کی ایک منزل ہے۔ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دُنیا میں حاضر وناظر ہے۔جز و میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔اس لئے جاہ ورفعت علم وفضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ہاں ! چونکہ دل میں ضعف ہے۔اہل دُنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) اپنی مدد آپ (ب) سفارش

سوال نمبر5 علامہ محمد اقبال کی نظم " پیغام " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 دو دوستوں کے درمیان " امتحانی نظام " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

کالج میں منعقد ہونے والے " یوم اقبال " کی رُوداد قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر7 کالج کے پرنسپل صاحب کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 2 + 8

نظامِ کائنات پر غور کریں تو ہر چیز میں ایک ترتیب ، آہنگ ، سلیقہ اور پابندی موجود ہے۔سورج وقت پر طلوع ہوتا ہے اور وقت پر غروب ہوتا ہے۔موسم وقت پر آتے ہیں اور بدلتے ہیں۔درخت وقت پر پھل لاتے ہیں۔فصلیں وقت پر اُگتی ہیں۔مرغانِ سحر کے چہچہے وقت کے پابند ہیں۔چاند وقت پر نکلتا اور کرنیں بکھیرتا ہے مگر افسوس انسان وقت کی قدر نہیں جانتا۔

----------☆☆☆☆☆----------

07-07-2022

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

A

L.K.No.1104

Paper Code No.6022

www.pakcity.org

(اردو لازمی)

(Inter-A-2022)

(گروپ سیکنڈ)

پرچہ : I (معروضی طرز)

Inter ( Part - I )

وقت : 20 منٹ

Bahawalpur Board-2022

pakcity.org

Session (2020 - 22) to (2021 - 23)

کل نمبر : 20

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 ظرافت اور خوش طبعی سرسید کی ---------- :

(1) (A) فطرت میں شامل تھی (B) فطرت ثانیہ تھی (C) جبلت میں داخل تھی (D) پہچان تھی

(2) " سنّت " کے لغوی معنی کیا ہیں : (A) رُکنا (B) راستہ (C) چلنا (D) ٹھہراؤ

(3) ابوالقاسم زہراوی کے عہد میں قرطبہ شہر میں کل کتنے سرکاری ہسپتال تھے : (A) 100 (B) 150 (C) 50 (D) 200

(4) غالب نے میرٹھ کا سفر کیسے طے کیا : (A) ڈاک میں (B) اونٹ پر (C) بیل گاڑی پر (D) گھوڑا گاڑی پر

(5) " کیا واقعی دُنیا گول ہے " کے مصنف کا نام کیا ہے :

(A) پطرس بخاری (B) مشتاق یوسفی (C) ابن انشاء (D) کرنل محمد خان

(6) مصرع میں " ردیف " کس جگہ آتی ہے : (A) آخر میں (B) شروع میں (C) قافیہ سے پہلے (D) درمیان میں

(7) " قافیہ " مشتق ہے لفظ ---------- : (A) وقف سے (B) قفی سے (C) قوفہ سے (D) قضا سے

(8) غزل کے " مطلع " کے دونوں مصرعوں کا ---------- ہونا ضروری ہے :

(A) موزوں (B) ہم ردیف (C) ہم قافیہ (D) برابر

(9) " حکم ہے سچ بھی قرینے سے کہا جائے ندیم زخم کو زخم نہیں پھول بتایا جائے " یہ شعر ---------- :

(A) مطلع ہے (B) مقطع ہے (C) ردیف ہے (D) قافیہ ہے

(10) " قافیہ " کے لغوی معنی ہیں : (A) پیچھے آنے والا (B) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا (C) بار بار آنے والا (D) ان میں سے کوئی نہیں

(11) "" بزم عدو میں صورت پروانہ دل میرا " اس مصرع میں مشبہ کیا ہے :

(A) بزم (B) پروانہ (C) دل (D) صورت

(12) وہ مشترک صفت جو مستعار لہ اور مستعار منہ میں پائی جائے کہلاتی ہے :

(A) حرف تشبیہ (B) استعارہ (C) وجہ شبہ (D) وجہ جامع

(13) " کس شیر کی آمد ہے کہ رَن کانپ رہا ہے " اس مصرع میں ہے :

(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) وجہ جامع (D) تلمیح

(14) "تلمیح " ہے : (A) گل مراد (B) میراشیر (C) چاند چہرہ (D) واقعہ معراج

(15) الفاظ کا حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال کہلاتا ہے : (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) قافیہ

(16) ایسی باتوں سے رُعب ختم ہو ------ : (A) جاتا ہے (B) جاتی ہے (C) چکی ہے (D) رہی ہے

(17) ترازو ٹوٹ ----- : (A) گیا ہے (B) گئی ہے (C) گئے ہیں (D) ان میں سے کوئی نہیں

(18) نازیہ اور شازیہ نے کہا ہم بازار جائیں ---------- : (A) گی (B) گے (C) گیں (D) گیا

(19) نوائے وقت ہر روز شائع ----- ہے : (A) ہوتی (B) ہوتے (C) ہوتا (D) ہوتیں

(20) اکبر نے گھوڑا گاڑی ---------- : (A) خریدے (B) خریدا (C) خریدی (D) خریدیں

---------☆☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

| گروپ سیکنڈ | 1104 - 38000 | رول نمبر |
| --- | --- | --- |
| Inter ( Part - I ) | Inter-A-2022 | اُردو لازمی (انشائیہ) |
| کل نمبر : 80 | سیشن (2020 - 22) to (2021 - 23) | وقت 2:40 گھنٹے |

pakcity.org

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجیے۔☆

حصہ اول

Bahawalpur Board-2022

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) اگر چاہوں تو نقشہ کھینچ کر الفاظ میں رکھ دوں مگر تیرے تخیل سے فزوں تر ہے وہ نظارا
تجھے آبا سے اپنے ، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی کہ تو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت وہ سیارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

بُھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں الٰہی ترک اُلفت پر ، وہ کیوں کر یاد آتے ہیں
نہ چھیڑ اے ہم نشیں ! کیفیتِ صہبا کے افسانے شراب بے خودی کے ، مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں
نہیں آتی تو یاد اُن کی ، مہینوں تک نہیں آتی مگر جب یاد آتے ہیں ، تو اکثر یاد آتے ہیں

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) سیر چشمی اور فراخ حوصلگی سرسید کے خاص اوصاف میں سے تھے۔انہوں نے اپنی کمائی سے نہ کبھی مال جمع کرنے کا ارادہ کیا اور نہ اولاد کے لئے کوئی جائیداد خریدی بلکہ جو کچھ کمایا اس کو یا اپنی ضروری آسائش اور سچی عزت اور نیک نامی کے ذرائع میں صرف کیا یا کنبے کی خبر گیری ، مستحقوں کی امداد ، اولاد کی تعلیم ، ملک اور قوم کی بھلائی اور مذہب کی حمایت میں اُٹھایا۔

(ب) اب اس کو میری سادہ لوحی کہیئے یا خلوصِ نیت کہ شروع شروع میں میرا خیال تھا کہ انسان محبت کا بھوکا ہے اور جانور اس واسطے پالتا ہے کہ اپنے مالک کو پہچانے اور اس کا حکم بجالائے۔گھوڑا اپنے سوار کا آسن اور ہاتھی اپنے مہاوت کا انکس پہچانتا ہے۔کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی دُم ہلانے لگتا ہے جس سے مالک کو روحانی خوشی ملتی ہے۔سانپ بھی سپیرے سے ہل جاتا ہے لیکن مرغیاں ؟ میں نے آج تک کوئی مرغی ایسی نہیں دیکھی جو کسی اور کو پہچانے اور جس کو اپنے پرائے کی تمیز ہو۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9
(الف) ادیب کی عزت (ب) چراغ کی لو

سوال نمبر 5 حفیظ جالندھری کی نظم " ہلال استقلال " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 دو سہیلیوں کے مابین " مہنگائی " کے موضوع پر ہونے والی گفتگو مکالمے کی صورت میں تحریر کیجیے۔ (10)

یا

کالج میں منعقدہ " یوم اقبال کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 7 کالج میں باقاعدہ ادبی سوسائٹی کے قیام کے لئے پرنسپل کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر 8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 2 + 8

بچوں میں نظم وضبط پیدا کرنے کے لئے کچھ اسباب مدد معاون ثابت ہوسکتے ہیں جیسے کھیل کود ، کہانی سُنانا اور کہانیاں پڑھنا۔اس طرح سے بہت سی اچھی اور پسندیدہ عادات بچوں میں ڈالی جاسکتی ہیں۔نیز اسے شجاعت ، دوسروں کی مدد اور نظم وضبط کا درس دیا جاسکتا ہے۔اسی طریقے سے بچے کو دوستانہ تعلقات اور معاشرتی روابط کا انداز بھی سکھایا جاسکتا ہے۔بچوں کو سمجھایا جائے کہ اگر وہ نظم وضبط کی پابندی کریں گے تو لوگوں کے نزدیک زیادہ عزیز ہوں گے۔

---------☆☆☆☆☆---------

14-07-2022

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

B

L.K.No.1103 | Paper Code No.6023 | اُردو (لازمی)

(Inter-A-2019) | گروپ فرسٹ | پرچہ : I (معروضی طرز)

Inter ( Part - I ) | وقت : 20 منٹ

Session (2015 - 17) to (2018 - 20) | کل نمبر : 20

pakcity.org

Bahawalpur Board-2019

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1

(1) میں نے منڈی سے دو من گندم -------- :
(A) خریدی (B) خریدا (C) خریدے (D) خریدیں

(2) وزیر نے حلف ---- :
(A) اٹھائی (B) اٹھایا (C) اٹھائیں (D) اٹھا

(3) یہ ---- آستین کا سانپ ہے :
(A) میرے (B) میرا (C) میریں (D) میری

(4) یہ دہی ------ :
(A) کھٹی ہے (B) کھٹا ہے (C) کھٹے ہیں (D) کھٹیں ہیں

(5) اس نے اُردو ------ :
(A) پڑھی (B) پڑی (C) پڑھا (D) پڑھیں

(6) " یہ آرزو تھی تجھے گل کے رُوبرو کرتے ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے " اس میں قافیہ ہے :
(A) آرزو (B) گل ، بلبل (C) روبرو ، گفتگو (D) کرتے

(7) شعر میں ردیف آتا ہے :
(A) شروع میں (B) درمیان میں (C) آخر میں (D) آخر سے پہلے

(8) جو بُرائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی دوستو! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا " اصطلاح میں یہ شعر کہلاتا ہے :
(A) مطلع (B) مقطع (C) تلمیح (D) عام شعر

(9) " گل کو ہوتا صبا! قرار اے کاش رہتی اِک آدھ دن بہار اے کاش " اس شعر میں ردیف ہے :
(A) گل (B) صبا (C) قرار ، بہار (D) اے کاش

(10) " تک میر جگرِ سوختہ کی جلد خبر لے کیا یار بھروسا ہے چراغِ سحری کا " یہ شعر ہے :
(A) مطلع کا (B) مقطع کا (C) ردیف کا (D) قافیہ کا

(11) مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں :
(A) حروفِ تشبیہ (B) ارکانِ استعارہ (C) طرفینِ تشبیہ (D) طرفینِ استعارہ

(12) " آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت " یہ شعر ہے :
(A) تلمیح کا (B) استعارہ کا (C) تشبیہ کا (D) ردیف کا

(13) اُمڈی آتی ہیں آج یوں آنکھیں جیسے دریا کہیں مچلتے ہیں " اس میں مشبہ ہے :
(A) اُمڈنا (B) آنکھیں (C) دریا (D) مچلنا

(14) تلمیح ہے :
(A) شیردل فوجی (B) بکری کی طرح بزدل (C) سرآنکھوں پر بٹھانا (D) تیشۂ فرہاد

(15) استعارہ ہے :
(A) پھول سا چہرہ (B) من وسلویٰ (C) سرِ مژگاں ستارے (D) شش و پنج میں

(16) نصابی سبق " اُسوۂ حسنہ " کے مطابق اسلام میں دو چیزیں ہیں :
(A) کتاب اور قلم (B) کتاب اور فقہ (C) کتاب اور سنت (D) کتاب اور حدیث

(17) نصابی سبق " مکتوباتِ غالب " کے مطابق نواب مصطفیٰ خان رہا ہو کر کس شہر میں قیام پذیر ہوئے :
(A) لاہور (B) رام پور (C) بنارس (D) میرٹھ

(18) اچھن کے باپ نے چراغ نہ جلانے کا سبب پوچھا تو اچھن نے کیا بتایا :
(A) تیل نہیں تھا (B) ماچس نہیں تھی (C) دیا سلائی نہیں تھی (D) چراغ ٹوٹ گیا تھا

(19) سرسید احمد خان کھانا کھانے کے بعد کیا پیتے تھے :
(A) پانی (B) چائے (C) دودھ (D) کافی

(20) نصابی سبق " سفارش " میں مصنف کے دوست ڈاکٹر کا نام کیا تھا :
(A) عبدالستار (B) عبدالغفار (C) عبدالجبار (D) عبدالقہار

---------☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Bahawalpur Board-2019

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1103 - 40000 | گروپ فرسٹ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2019 | Inter ( Part- I ) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2015 - 17) to (2018 - 20) | کل نمبر : 80 |

pakcity.org

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کریں۔☆

**حصہ اول**

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) لاکھ پردوں میں ہے تو بے پردہ ۔ سو نشانوں پہ ، بے نشاں تو ہے

تو ہے خلوت میں ، تو ہے جلوت میں ۔ کہیں پنہاں ، کہیں عیاں تو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

ایک نعمت بھی یہی ، ایک قیامت بھی یہی ۔ روح کا جاگنا اور آنکھ کا ، بینا ہونا

جو بُرائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی ۔ دوستو ! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا

قعرِ دریا میں بھی آنکلے گی ، سورج کی کرن ۔ مجھ کو آتا نہیں محرومِ تمنا ہونا

**حصہ دوم**

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) اُس نے اپنا رومال نکالا جسے جیب میں رکھنے کے بجائے اس نے کوٹ کی بائیں آستین میں اُڑس رکھا تھا اور ہلکے ہلکے چہرے پر پھیراتا کہ کچھ کچھ گرد جم گئی ہو تو اُتر جائے۔ پاس ہی گھاس کے ایک ٹکڑے پر کچھ بچے ایک بڑی سی گیند سے کھیل رہے تھے۔ وہ بڑی دلچسپی سے اُن کا کھیل دیکھنے لگا۔ بچے کچھ دیر تک اس کی پروا کیے بغیر کھیل میں مصروف رہے مگر جب وہ برابر تکے ہی چلا گیا تو وہ رفتہ رفتہ شرمانے سے لگے اور پھر اچانک گیند سنبھال کر ، ہنستے ہوئے اور ایک دوسرے کے پیچھے بھاگتے ہوئے گھاس کے اس ٹکڑے ہی سے چلے گئے۔

(ب) تم سچ کہتے ہو کہ بہت مسودے اصلاح کے واسطے فراہم ہوئے ہیں مگر یہ نہ سمجھنا کہ تمہارے ہی قصائد پڑے ہیں۔نواب صاحب کی غزلیں بھی اسی طرح دھری ہوئی ہیں۔ برسات کا حال تمہیں بھی معلوم ہے اور یہ بھی تم جانتے ہو کہ میرا مکان گھر کا نہیں ہے ، کرائے کی حویلی میں رہتا ہوں۔ جولائی سے مینہ شروع ہوا۔ شہر میں سینکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت ، دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہہ نکلیں۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ادیب کی عزت (ب) لاہور کا جغرافیہ

سوال نمبر5 سید محمد جعفری کی نظم " ایبسٹریکٹ آرٹ " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 دو دوستوں کے درمیان سگریٹ نوشی کے نقصانات کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

سوال نمبر7 پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاک کی تقسیم کے ناقص انتظام کے بارے میں درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 8 + 2

برصغیر مسلمانوں کی آمد سے پہلے ٹکڑوں میں بٹا ہوا تھا اور چھوٹی بڑی خود مختار ریاستوں پر مشتمل تھا۔ ان ریاستوں کی اپنی اپنی زبان تھی اور کسی مشترکہ زبان کی ضرورت نہیں تھی۔ جب برصغیر ایک ریاست کی صورت میں یک جا ہوا تو سب سے پہلے فوجوں میں مختلف زبان بولنے والوں کو ایک دوسرے سے بات چیت کے لئے ایک زبان کی ضرورت محسوس ہوئی۔ فوجی ایک دوسرے سے بات کے لئے کچھ اپنی کچھ دوسری زبان استعمال کرنے لگے۔ یوں رفتہ رفتہ ایک نئی زبان معرضِ وجود میں آئی۔ اس کو اُردو کا نام اس لئے ملا کہ یہ ابتدائی ایام میں ایک فوجی زبان کے طور پر ظاہر ہوئی۔

---------☆☆☆☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

B

L.K.No.1104 Paper Code No.6024 (لازمی)

(Inter-A-2019) گروپ سیکنڈ پرچہ : ۱ (معروضی طرز)

Inter ( Part - I ) وقت : 20 منٹ

Session (2015 - 17) to (2018 - 20) کل نمبر : 20

pakcity.org

Bahawalpur Board-2018

Please visit for more data at: www.pakcity.org

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1 کھیتوں کو دے لو پانی اب بہہ -------- ہے گنگا :

(1) (A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

(2) پیاز کس بھاؤ بک ---- ہے : (A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہیں

(3) میرے سر میں درد ہو ---- ہے : (A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہیں

(4) ہم نے گیہوں خرید ------ ہے : (A) لی (B) لیا (C) لئے (D) لے

(5) یہ قائداعظم ------ فوٹو ہے : (A) کی (B) کا (C) کے (D) کو

(6) حسن مطلع آتا ہے :
(A) غزل کے شروع میں (B) غزل کے درمیان میں (C) غزل کے آخر میں (D) اصل مطلع کے بعد

(7) غزل کے اشعار کے آخر میں آنے والے ہم شکل الفاظ کہلاتے ہیں : (A) قافیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع

(8) مقطع کی نشاندہی کیجیے : (A) اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے (B) تک میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے
(C) اچھا ہے اہل جور کیے جائیں سختیاں (D) یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے

(9) مطلع کے دونوں مصرعوں میں لازمی ہوتا ہے : (A) ردیف (B) قافیہ (C) تخلص (D) تلمیح

(10) " پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے " یہ شعر مثال ہے :
(A) مقطع کی (B) مطلع ثانی کی (C) مطلع کی (D) تلمیح کی

(11) تلمیح ہے : (A) باغ جناح (B) اورنگ زیب (C) اورنگ سلیمان (D) کوہ ہمالیہ

(12) " جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے " اس میں مستعار لہ ہے :
(A) باغ (B) جانے نہ جانے (C) گل (D) محبوب

(13) استعارہ سے مراد ہے : (A) لفظ کو حقیقی معنوں میں استعمال کرنا (B) لفظ کو مجازی معنوں میں استعمال کرنا
(C) لفظ کو مترادف کے طور پر استعمال کرنا (D) لفظ کو متضاد معنوں میں استعمال کرنا

(14) طرفین تشبیہ سے مراد ہے : (A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حروف تشبیہ (D) مشبہ اور مشبہ بہ

(15) میرا چاند ابھی سکول سے نہیں آیا۔ یہ مثال ہے : (A) تشبیہ کی (B) تلمیح کی (C) مطلع کی (D) استعارہ کی

(16) نوجوان کو حادثہ کس روڈ پر پیش آیا : (A) مال روڈ پر (B) میکلوڈ روڈ پر (C) منٹگمری روڈ پر (D) لارنس روڈ پر

(17) قمر کو تقریب میں دعوت دی :
(A) ایک امیرزادے نے (B) ایک جاگیردار نے (C) ایک رئیس نے (D) ایک ٹھیکے دار نے

(18) " تصریف " کا لاطینی ترجمہ وینس سے کب شائع ہوا : (A) 1487ء میں (B) 1497ء میں (C) 1477ء میں (D) 1467ء میں

(19) سرسید نے " خطبات احمدیہ " کتنی مدت میں لکھی :
(A) دو برس میں (B) اڑھائی برس میں (C) ڈیڑھ برس میں (D) ایک برس میں

(20) ولیم ڈراگن خیر خواہ تھا : (A) سوئٹزرلینڈ کا (B) انگلینڈ کا (C) آئرلینڈ کا (D) فن لینڈ کا

---------☆☆---------

www.pakcity.org www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2019

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1104 - 38000 | گروپ سیکنڈ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2019 | Inter ( Part- I ) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2015 - 17) to (2018 - 20) | کل نمبر : 80 |

pakcity.org

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کریں۔☆

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) یہ پرچم ہے نشاں ، عالم میں فتح و کامرانی کا زمیں پر ابر رحمت ہے ، نوید آسمانی کا

یہ پرچم ہے روایات عظیم الشان کا پرچم یہی پرچم ہے استقلال پاکستان کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حال دل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) تمام تجربوں سے ثابت ہوا ہے کہ کسی ملک کی خوبی و عمدگی اور قدر و منزلت بہ نسبت وہاں کی گورنمنٹ کے عمدہ ہونے کے زیادہ تر اس ملک کی رعایا کے چال چلن ، اخلاق و عادت ، تہذیب و شائستگی پر منحصر ہے ، کیونکہ قوم شخصی حالتوں کا مجموعہ ہے اور ایک قوم کی تہذیب درحقیقت ان مرد و عورت و بچوں کی شخصی ترقی ہے جن سے وہ قوم بنی ہے۔

(ب) باپ نے بیڑی چارپائی کی پٹی پر رگڑ کر بجھا دی اور اسے دوبارہ پینے کے خیال سے اپنے کان پر جما کر اچھن کی طرف دیکھا تو اسے جیسے دھچکا سا لگا۔ اندھیرے میں پناہ ڈھونڈتی ہوئی روشنی میں وہ اس طرح کھڑی ہوئی بڑی بھیانک لگ رہی تھی۔----ہڈیوں پر منڈھی ہوئی سیاہ کھال الجھے الجھائے جھونجھ ایسے بال ، کھلے ہوئے ہونٹ اور پھری ہوئی پتلیاں----بس جیسے وہ دیوار سے ٹک کر مرگئی ہو۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) سرسید کے اخلاق و خصائل (ب) کیا واقعی دُنیا گول ہے ؟

سوال نمبر5 اختر شیرانی کی نظم " برسات " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 دو دوستوں کے درمیان " علم کے فائدے " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقریب کی روداد قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر7 سند جاری کرنے کے لئے چیئرمین بورڈ کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 8 + 2

آج کل جرائم بہت ہی بڑھتے جا رہے ہیں۔ بعض لوگ غربت کے ہاتھوں تنگ آ کر جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں۔ کہیں لاشعوری دبی ہوئی حیوانی خواہشات کی تکمیل کیلئے ، کہیں خاندانی رنجش اور کبھی محض تجربے کے طور پر ہی جرائم کا ارتکاب کیا جاتا ہے۔ جرائم پیشہ لوگ بھی ایسے ایسے حربے استعمال میں لاتے ہیں کہ ان جرائم کا کھوج لگانا بھی ناممکن ہو جاتا ہے۔ یہاں بھی نفسیاتی طریقوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مختلف آلات نصب کر دیئے جاتے ہیں جو انسان کی سانس کی رفتار ، دل کی دھڑکن ، خون کا دباؤ وغیرہ ریکارڈ کرتے ہیں۔ ہیجانی کیفیات سے بھی جرم کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ ایسے طریقوں سے نتائج بہت حوصلہ افزاء ہیں۔

----------☆☆☆☆☆----------

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

A

L.K.No.803

Paper Code No.6021

اُردو (لازمی)

(Inter-A-2018)

گروپ فرسٹ

پرچہ : ا (معروضی طرز)

Inter ( Part - I )

وقت : 20 منٹ

Session (2014 - 16) to (2017 - 19)

کل نمبر : 20

pakcity.org

Bahawalpur Board-2018

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سوال نمبر1 | سرسید احمد خاں نے " خطبات احمدیہ " کہاں لکھی تھی : |
| (1) | (A) چین میں (B) جاپان میں (C) سعودی عرب میں (D) ولایت میں |
| (2) | حافظ نے قمر کے لئے مرادی کو کتنے پیسوں کے پان بنوا لانے کو کہا : <br> (A) دو پیسے کے (B) تین پیسے کے (C) چار پیسے کے (D) پانچ پیسے کے |
| (3) | افسانہ " سفارش " میں کس مہینے کی سردی کا ذکر کیا گیا ہے : <br> (A) نومبر (B) دسمبر (C) جنوری (D) فروری |
| (4) | نواب صاحب نے غالب کو اصلاح کے واسطے کیا بھیج رکھا تھا : <br> (A) غزلیں (B) نظمیں (C) قصائد (D) مرثیے |
| (5) | سبق " لاہور کا جغرافیہ " کے مطابق لاہور پہنچنے کے کتنے راستے ہیں : (A) دو (B) تین (C) چار (D) کئی |
| (6) | جس مقصد کے لئے تشبیہ دی جائے اُسے کہتے ہیں : (A) وجہ جامع (B) غرض تشبیہ (C) مشبہ بہ (D) حرف تشبیہ |
| (7) | تشبیہ کی نشاندہی کیجیئے : (A) ابن مریم (B) آب حیات (C) سرو جیسا قد (D) آتش نمرود |
| (8) | استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے : (A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5 |
| (9) | " میرا چاند آرہا ہے " میں مستعارلہ کی نشاندہی کیجیئے : (A) بیٹا (B) چاند (C) آنا (D) خوبصورتی |
| (10) | " سوئے دار " ہے : (A) استعارہ (B) ردیف (C) قافیہ (D) تلمیح |
| (11) | ردیف مشتمل ہوتی ہے : (A) ایک لفظ پر (B) دو الفاظ پر (C) تین الفاظ پر (D) تعداد مقرر نہیں |
| (12) | لفظ " قافیہ " کی جمع ہے : (A) وقوف (B) قوف (C) قوانی (D) قاف |
| (13) | مطلع ہوتا ہے : (A) مرثیے میں (B) غزل میں (C) مثنوی میں (D) آزاد نظم میں |
| (14) | مقطع کے لغوی معنی ہیں : (A) کاتنے کی جگہ (B) اُٹھنے کی جگہ (C) کھیلنے کی جگہ (D) کاٹنے کی جگہ |
| (15) | مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں : (A) غرض تشبیہ (B) طرفین تشبیہ (C) وجہ شبہ (D) حرف تشبیہ |
| (16) | تم نے کیا اودھم ------ ہے : (A) مچایا ہوا (B) مچائی ہوئی (C) مچا رکھی (D) ڈالی ہوئی |
| (17) | شجرکاری صدقہ جاریہ ------ ہے : (A) ہوتیں (B) ہوتے (C) ہوتا (D) ہوتی |
| (18) | اس نے پولیس کے سامنے واویلا ----- : (A) کی (B) کیا (C) کیے (D) کیں |
| (19) | پورے شہر میں اس ----- ہے : (A) کا طوطی بولتا (B) کی طوطی بولتا (C) کی طوطی بولتی (D) کا طوطا بولتا |
| (20) | دولت ----- لالچ انسان کی بربادی کا باعث ہے : (A) کی (B) کا (C) کے (D) کیں |

---------☆☆---------

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Bahawalpur Board-2018

| رول نمبر | 803 - 4000 | گروپ فرسٹ |
|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2018 | Inter ( Part- I ) |
| وقت 2 : 40 گھنٹے | سیشن (2014 - 16) to (2017 - 19) | کل نمبر : 80 |

pakcity.org

حصہ اول

ہدایات ☆ تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کریں۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) گدائی میں بھی وہ اللہ والے تھے غیور اتنے کہ منعم کو گدا کے ڈر سے، بخشش کا نہ تھا یارا

اگر چاہوں تو نقشہ کھینچ کر الفاظ میں رکھ دوں مگر تیرے تخیل سے فزوں تر ہے، وہ نظارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

مشکل ہیں اگر حالات وہاں، دل بیچ آئیں جاں دے آئیں دل والو کوچۂ جاناں میں کیا ایسے بھی حالات نہیں

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا، وہ شان سلامت رہتی ہے یہ جان تو آنی جانی ہے، اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

میدان وفا دربار نہیں، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں عاشق تو کسی کا نام نہیں، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) اس جبلی مہر و محبت کا مقتضا تھا کہ وہ اپنے رفیقوں اور نوکروں اور لگے بندھوں کو تا بمقدور عمر بھر اپنے ساتھ نباہنا چاہتے تھے۔ جس شخص کے قدم ان کے ہاں جم گئے پھر نہ وہ اس کو اپنے پاس سے جدا کرنا چاہتے تھے اور نہ وہ اُن سے جدا ہونا چاہتا تھا۔ اول تو وہ کسی کی شکایت سنتے نہ تھے اور اگر کوئی کسی ملازم کی کوئی شکایت کرتا تھا تو اس کا کچھ اثر نہ ہوتا تھا۔ ان کے ایک قدیم ملازم کی لوگوں نے ان سے بارہا شکایت کی مگر وہ کسی طرح ان کے دل سے نہ اُترا۔ ہمیشہ ان کا معتمد علیہ اور سفر و حضر میں ان کے ہمراہ رہا اور آخر انھیں کی رفاقت میں مر گیا۔

(ب) ایک اور سنگین غلط فہمی جس میں خواص و عوام مبتلا ہیں اور جس کا ازالہ میں رفاہِ عام کے لئے نہایت ضروری خیال کرتا ہوں، یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے اور ٹاپے میں رہتی ہیں۔ میرے ڈیڑھ سال کے مختصر مگر بھرپور تجربے کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر نہ آئیں وہاں اپنے ورود و نزول کا ناقابل تردید ثبوت چھوڑ جاتی ہیں۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) سفارش (ب) چراغ کی لو

سوال نمبر 5 علامہ محمد اقبال کی نظم " خطاب بہ جوانان اسلام " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 دو دوستوں کے درمیان " علم کے فائدے " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

یوم دفاع کے موقع پر کسی تقریب کی روداد تحریر کریں۔

سوال نمبر 7 کالج کے پرنسپل کے نام دوبارہ کالج میں داخلہ کے لئے درخواست لکھیے۔ (10)

سوال نمبر 8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 8 + 2

قومی ترقی مجموعہ ہے شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری، شخصی ہمدردی کا۔ اسی طرح قومی تنزل مجموعہ ہے شخصی سستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خودغرضی کا اور شخصی برائیوں کا۔ ناتہذیبی و بدچلنی جو اخلاقی وتمدنی یا باہمی معاشرت کی بدیوں میں شمار ہوتی ہے درحقیقت وہ خود اسی شخص کی آوارہ زندگی کا نتیجہ ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ بیرونی کوشش سے ان برائیوں کو جڑ سے اُکھاڑ ڈالیں تو یہ ناممکن ہے۔ ہمیں خود ہی ان پر قابو پانا ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2018

A | L.K.No.804 | Paper Code No.6022 | اُردو (لازمی)

(Inter-A-2018) | گروپ سیکنڈ | پرچہ : I (معروضی طرز)

Inter ( Part - I ) | وقت : 20 منٹ

Session (2014 - 16) to (2017 - 19) | کل نمبر : 20

pakcity.org

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) مضمون " سرسید کے اخلاق و خصائل " کس کتاب سے ماخوذ ہے :
(A) تاریخِ ادبِ اُردو (B) مقالاتِ سرسید (C) حیاتِ جاوید (D) یادگارِ غالب

(2) " قصرِ زہرا " قرطبہ سے کتنے میل دور واقع تھا : (A) دو میل (B) چار میل (C) چھ میل (D) آٹھ میل

(3) " التصریف " کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کب ہوا : (A) 1541ء (B) 1857ء (C) 1881ء (D) 1497ء

(4) حافظ صمد نے راجا صاحب کی سالانہ آمدن کا کیا اندازہ لگایا :
(A) ڈیڑھ لاکھ (B) ڈیڑھ دو لاکھ (C) دو ڈھائی لاکھ (D) ڈھائی تین لاکھ

(5) علامہ محمد اقبال نے کس رسالے میں اکبر الٰہ آبادی کے اشعار پڑھے :
(A) زمانہ میں (B) ایسٹ ویسٹ میں (C) مخزن میں (D) نقاد میں

(6) تشبیہ کے لغوی معنی کیا ہیں : (A) اشارہ کرنا (B) چھین لینا (C) اُدھار لینا (D) مانند قرار دینا

(7) استعارہ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں کون سا تعلق پایا جاتا ہے :
(A) مشبہ کا (B) تشبیہ کا (C) تلمیح کا (D) مستعارلہٗ کا

(8) درج ذیل میں سے کون سا رکن استعارہ کا ہے :
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) غرض تشبیہ (D) مستعارلہٗ

(9) تلمیح کس زبان کا لفظ ہے : (A) اُردو (B) عربی (C) فارسی (D) ہندی

(10) " آتشِ نمرود " کیا ہے : (A) استعارہ (B) کنایہ (C) تلمیح (D) روزمرہ

(11) " مطلع " ہوتا ہے : (A) مثنوی میں (B) مرثیے میں (C) غزل میں (D) رباعی میں

(12) مقطع کے لغوی معنی کیا ہیں : (A) نکلنے کی جگہ (B) کاٹنے کی جگہ (C) اُٹھنے کی جگہ (D) چیرنے کی جگہ

(13) غزل میں وہ الفاظ جو وزن اور صوت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں کیا کہلاتے ہیں :
(A) ردیف (B) تکرار (C) قافیہ (D) مرکب

(14) " اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا " میں قافیہ کی نشاندہی کریں :
(A) نہیں۔ نہیں (B) ہوتا۔ ہوتا (C) ذرا۔ فزا (D) نہیں ہوتا۔ نہیں ہوتا

(15) ردیف ہمیشہ کہاں آتی ہے : (A) قافیہ سے پہلے (B) قافیہ کے بعد (C) مطلع میں (D) مقطع میں

(16) آج صحن میں جھاڑو نہیں ------ ہے : (A) پھیرا (B) پھیری (C) پھیرے (D) پھیرائی

(17) " بالِ جبریل " چھپ ------ ہے : (A) گیا (B) گئی (C) گئیں (D) گئے

(18) پتنگ کٹ ------ : (A) گئیں (B) گئے (C) گیا (D) گئی

(19) بچے کو قبض ہو ------ : (A) گئی (B) گئے (C) گیا (D) گئیں

(20) اختر کی بیوی بہت ------ ہے : (A) لڑاکا (B) لڑاکی (C) لڑاکو (D) لڑاکیں

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Bahawalpur Board-2018

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 804 - 35000 | گروپ سیکنڈ |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2018 | Inter ( Part- I ) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2014 - 16) to (2017 - 19) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کریں۔☆

pakcity.org

حصہ اول

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے ،شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) یہ استقلال کا پرچم ہے ، استحکام کا پرچم شہیدوں غازیوں کے ہاتھ سے ، انعام کا پرچم

ہلالی خنجر ، انگشتِ شہادت کا اشارا ہے یہ سیف اللہ کا پرتو ، فلک پر آشکارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10)=1+3 +3 +3

دل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں اُلٹی شکایتیں ہوئیں احسان تو گیا

ڈرتا ہوں دیکھ کر دل بے آرزو کو میں سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ، مہمان تو گیا

بزمِ عدو میں صورت پروانہ دل مرا گو رشک سے جلا تیرے قربان تو گیا

حصہ دوم

سوال نمبر3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) جبکہ ہر شخص اور کل قوم خود اپنی اندرونی حالتوں سے آپ اپنی اصلاح کرسکتی ہے تو اس بات کی اُمید پر بیٹھے رہنا کہ بیرونی زور انسان کی یا قوم کی اصلاح وترقی کرے کس قدر افسوس بلکہ نادانی کی بات ہے۔ وہ شخص درحقیقت غلام نہیں ہے جس کو ایک خدا ناترس نے جو اس کا ظالم آقا کہلایا جاتا ہے خرید لیا ہے یا ایک ظالم اور خود مختار بادشاہ یا گورنمنٹ کی رعیت ہے بلکہ درحقیقت وہ شخص اصلی غلام ہے جو بداخلاقی ، خودغرضی ، جہالت اور شرارت کا مطیع اور اپنی خودغرضی کی غلامی میں مبتلا اور قومی ہمدردی سے بے پرواہ ہے۔

(ب) ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔لاہور پنجاب میں واقع ہے۔لیکن پنجاب اب پنج آب نہیں رہا۔اس پانچ دریاؤں کی سرزمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل ہی نہیں رہا۔اس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ ملنے کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے ، بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے۔اس لئے یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ شہر دریا کے دائیں کنارے پر واقع ہے یا بائیں کنارے پر۔

سوال نمبر4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) سفارش (ب) اپنی مدد آپ

سوال نمبر5 میرانیس کی نظم " میدان کربلا میں صبح کا منظر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر6 کسی معروف شخصیت اور ٹی۔وی۔اینکر کے درمیان مہنگائی پر مکالمہ لکھیں۔ (10)

یا

یومِ دفاع کے موقع پر کسی تقریب کی روداد تحریر کریں۔

سوال نمبر7 پرنسپل صاحب کے نام خارج ہونے کے بعد دوبارہ داخلے کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 8 + 2

عوام کی جان ومال ، عزت وآبرو کی حفاظت و پاسبانی حکومت کے اولین اور بنیادی فرائض میں سے سب سے اہم فرض ہے اور جو حکومت اس فرض کو کما حقہ انجام نہیں دیتی یا اس سے غفلت برتتی ہے ، اُسے مسند اقتدار پر متمکن رہنے کا کوئی حق نہیں۔حکومت کے قیام کے بارے میں جتنے نظریئے بھی آج تک سامنے آئے ہیں ان کا اگر غور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ انسانی معاشرے میں حکومت جیسی قوت کے وجود کا بنیادی جواز یہی ہے کہ وہ اپنی طاقت سے اجتماعی زندگی میں امن وامان قائم کرے اور ایسے حالات پیدا کرے کہ لوگ اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں۔

--------☆☆☆☆☆--------

Please visit for more data at: www.pakcity.org